مبلغ انچارج گنی کنا کری کی دفتری ملاقات

☆۔۔۔اس کے بعد مبلغ انچارج گنی کنا کری نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے دفتری ملاقات کا شرف حاصل کیا۔

تبلیغ کے حوالہ سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ہدایت دیتے ہوئے فرمایا کہ جب تبلیغ کرتے ہیں اور پیغام پہنچاتے ہیں تو اُسی وقت یہ واضح کر کے بتانا چاہئے کہ ہم حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کو غیر تشریعی نبی مانتے ہیں۔ لوگوں کو آپ علیہ السلام کا بنیادی دعویٰ اور عقائد کا علم ہونا چاہئے۔ لوگوں کو آپ علیہ السلام کے ظلّی نبی ہونے کا علم ہونا چاہئے۔ اگر یہ باتیں ان کے دل میں بیٹھ گئیں تو پھر یہ لوگ مخالفت بھی برداشت کر لیں گے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ جہاں جہاں معلمین نے کام کیا ہے وہاں ہر جگہ جا کر جائزہ لیں کہ کیا سب کو حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے دعویٰ نبوت کا علم ہے؟ ہر ایک کو واضح کلیئر کر کے بتائیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ:

مخالفت تو ہو گی۔ کویت اور سعودی عرب کی طرف سے مخالفت کا مسئلہ تو ہر جگہ ہے لیکن آپ کا کام تبلیغ کرتے چلے جانا اور پیغام پہنچانا ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:۔

جو بھی احمدی ہو رہے ہیں ان کو چندہ کے نظام میں شامل کریں۔ ہر ایک شامل ہو اور کچھ نہ کچھ ضرور دے۔ مجھے تعداد بڑھانے سے غرض نہیں۔ جو بھی احمدی ہو رہے ہیں حقیقی احمدی ہوں اور آپ کے نظام کا حصہ ہوں۔ سب کو اپنے نظام میں شامل کریں اور مستقل رابطہ رکھیں۔

حضور انور نے فرمایا: وہاں لوگوں کو پاکستان اور انڈونیشیا میں جماعت کے مخالفین کی طرف سے ہونے والی مخالفت کی ویڈیوز دکھائیں اور بعض دوسرے ممالک اور احباب جماعت کے استقامت کے واقعات بتائیں۔

حضور انور نے فرمایا: ہر ماہ آپ کا کم از کم ایک دو ہفتہ کا جماعتوں کا دورہ ہونا چاہئے۔ اپنے معلمین لوکل طور پر بھی تیار کریں۔ ان کو اعتقادی لحاظ سے اتنا مضبوط کر دیں کہ پھر یہ پیچھے نہ ہٹیں۔ جو سیکنڈری سکول پاس ہیں ان میں سے انتخاب کر کے ان کو مبشر یا شاہد کروانے کے لئے جامعہ گھانا بھجوائیں۔

مساجد کی تعمیر کے حوالہ سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ہدایت دیتے ہوئے فرمایا کہ دس چھوٹی اور ایک بڑی مسجد کا پلان بنا کر بھجوائیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:۔ پانچ مستحق طلباء کو سکالرشپ دے کر یونیورسٹی میں بھجوائیں۔ اس کے لئے پہلے دو سال کا منصوبہ بنا کر بھیجیں۔ ہم خرچ دیں گے۔

حضور انور نے فرمایا:۔ جب بورکینا فاسو میں جامعہ کھل جائے تو وہاں چلے جائیں لیکن شاہد کرنے کے لئے اور حفظ قرآن کریم کے لئے تو گھانا ہی جانا پڑے گا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ہدایت دیتے ہوئے فرمایا:۔ اپنی جماعتوں میں ایم ٹی اے لگائیں اور سب کو ایم ٹی اے سے وابستہ کریں۔

حضور انور نے فرمایا: ماڈل ویلج بنانے کی کوشش کریں۔ اس کے لئے IAAAE سے رابطہ کریں اور پلان کریں۔

پرائمری سکولوں کے قیام کے حوالہ سے حضور انور نے فرمایا:۔ دو دو کلاس رومز کے ساتھ پہلے چھوٹی سطح پر کام شروع کریں۔ اس کے لئے متعلقہ منسٹری یا ادارے سے اجازت لینی پڑے گی۔ حکومت کی اجازت سے یہ پراجیکٹس شروع کریں اور پھر آہستہ آہستہ بڑھاتے چلے جائیں۔

حضور انور نے فرمایا: اپنا پبلک ریلیشن بڑھائیں اور مخالفین کو بتائیں کہ ہم تمہارے خلاف نہیں ہیں بلکہ ہم تو بحیثیت مسلمان سب سے زیادہ وفادار ہیں۔ مختلف ذمہ دار حکام سے آپ کے روابط اور تعلقات ہونے چاہئیں۔ پولیس کمشنر سے بھی تعلقات بنائیں۔ جو بھی وہاں کے امام ہیں ان سے بھی دوستانہ تعلق رکھیں۔ سب کو معلوم ہونا چاہئے کہ جو احمدی ہوں گے وہ ملک کے سب سے زیادہ وفادار ہوں گے اور قانون کی پابندی کرنے والے ہوں گے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے گنی کنا کری میں مزید مربیان بھجوانے کی ہدایت فرمائی نیز ان کے جلسہ سالانہ پر بھی نمائندگان بھجوانے کی ہدایت فرمائی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ایبولا سے متاثر بچوں کے متعلق فرمایا کہ: دس پندرہ بچوں کا انتخاب کر کے ان کے تعلیمی اخراجات ادا کریں۔